ایشین امریکن لیگل ڈیفینس اینڈ ایجوکیشن فنڈ
99 HUDSON STREET, 12th FL, NEW YORK, NY 10013-2815 212.966.5932 FAX 212.966.4303

# میرے لیے "بچوں کی آمد سے متعلق التواء کی کارروائی
# [“Deferred Action for Childhood Arrivals” (DACA)] کیا مفہوم ہے؟

صدر اوبامہ(Obama) کا 15 جون، 2012 کو جاری کردہ حکمنامہ اہل نوعمر افراد کو ملک بدر کیے جانے سے بچانے کیلئے "التوا کی کارروائی" (ڈیفریڈ ایکشن") کی حیثیت کو منظوری دیتا ہے۔ اگر آپ اہلیت کے درج ذیل معیارات کی تکمیل کرتے ہیں تو آپ پر "ڈیفریڈ ایکشن فار چائلڈ ہوڈ ایرائیولس" کے تحت غور کیا جاسکتا ہے۔ البتہ، ڈیفریڈ ایکشن پانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ گرین کارڈ یا شہریت حاصل کرسکتے ہیں۔

| **اہلیتی معیار**<br>آپ ڈیفریڈ ایکشن کیلئے اہل ہوسکتے ہیں اگر آپ: | **لیکن انتظار کریں!** آپ اہل نہیں ہوسکتے اگر آپ نے امیگریشن کی خلاف ورزی کی ہے، بشمول اگر آپ: |
|---|---|
| 1. 15 اور 30 سال کے درمیان کی عمر کے ہیں؛<br>2. 16 سال کی عمر سے پہلے ریاستہائے متحدہ امریکہ آئے ہیں؛<br>3. 15 جون، 2007 کے بعد سے مسلسل ریاستہائے متحدہ میں رہ رہے ہیں؛<br>4. 15 جون، 2012 کو اور درخواست دیتے وقت آپ ریاستہائے متحدہ میں موجود ہیں؛<br>5. 15 جون، 2012 سے قبل بغیر معائنے کے داخل ہوئے ہیں یا آپ کی قانونی حیثیت کی مدت 15 جون، 2012 کو ختم ہورہی ہے؛ اور<br>6. ابھی اسکول میں ہیں، ہائی اسکول سے سند حاصل کرچکے ہیں، GED حاصل کرچکے ہیں، ایسوسی ایٹس یا بیچلرز ڈگری کے ساتھ سندیافتہ ہیں، یا ساحلی نگراں یا مسلح افواج سے باعزت طور پر سبکدوش سابق فوجی ہیں۔ | ➢ کسی ایسے مجرمانہ عمل، جرم کے سبب آپ کو سزا ہوئی ہے جس میں 1 سال سے زیادہ کی جیل ہوسکتی ہے؛<br>➢ کسی ایسے گناہ، جرم کے سبب آپ کو سزا ہوئی ہے جس میں 6 دن اور 1 سال کے درمیان جیل ہوسکتی ہے اور اس میں شامل ہے: خانگی تشدد، جنسی بدسلوکی یا استحصال، نقب زنی، غیر قانونی طور پر آتشیں اسلحہ اپنے پاس رکھنا یا استعمال کرنا، منشیات کی تقسیم یا اسمگلنگ، DUI، یا کوئی ایسا جرم جس کیلئے آپ کو 90 دنوں سے زیادہ کی جیل کی سزا ہوئی ہو؛<br>➢ 3 یا زیادہ بار کسی گناہ، معمولی خطاؤں کیلئے سزا ہوئی ہو؛ یا<br>➢ قومی سلامتی یا عوامی تحفظ کیلئے خطرہ ہوں۔ |
| **ڈیفریڈ ایکشن کیلئے درخواستیں اب www.uscis.gov/childhoodarrivals پر دستیاب ہیں** | |

**فوائد**

ڈیفریڈ ایکشن آپ کو ملک بدر کیے جانے سے بچاتا ہے اور کام کا اجازت نامہ (ورک پرمٹ) کیلئے درخواست دینے کی اجازت دیتا ہے۔ آپ کی رہائش کے لحاظ سے، اہل طلباء ڈرائیور لائسنس اور سوشل سیکیورٹی نمبر کیلئے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ ڈیفریڈ ایکشن حاصل کرلیتے ہیں تو، آپ کچھ حالات میں ملک سے باہر کا سفر بھی کرسکتے ہیں۔

**حدود اور خطرات**

ڈیفریڈ ایکشن نہ تو گرین کارڈ حاصل کرنے کا راستہ ہے نہ ہی شہریت حاصل کرنے کا۔ شہریت کیلئے ایک راستہ تخلیق کرنے، یا امیگریشن میں کچھ قسم کی اصلاح کیلئے، کانگریس کو ایک DREAM ایکٹ پاس کرنا تھا، جس کا اطلاق قانون بننے کے بعد

© 2012 Asian American Legal Defense and Education Fund URDU

ان نوجوانوں پر ہوگا جو بچوں کی حیثیت سے امریکہ آئے تھے۔ ڈیفریڈ ایکشن دو سالوں کیلئے دستیاب ہے۔ دوسال کے اختتام پر، آپ کیلئے اپنی درخواست کی تجدید کیلئے یو ایس سیٹیزنشپ اینڈ امیگریشن سروسز (USCIS) میں عرضی دینا ضروری ہے۔ آپ کے اہلیتی معیارپورا کرنے کے باوجود، ڈیفریڈ ایکشن کو منظوری نہیں بھی دی جاسکتی ہے یا اسے کسی بھی وقت ختم کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ نے درخواست کی ہے اور امیگریشن سے متعلق سنگین خلاف ورزیوں کے مرتکب ہوتے ہیں تو، حکومت آپ کو ملک بدر کرنے سے متعلق کارروائی شروع کرسکتی ہے۔

**<u>درخواست کیسے دیں</u>**

ہدایات اور فارمز کیلئے
www.uscis.gov/childhoodarrivals پرجائیں۔
درخواست دینے کیلئے ضروری ہے کہ آپ ڈیفریڈ ایکشن فارم (I-821D)، تائیدی دستاویزات، ایمپلائمنٹ آتھرائزیشن فارم اور ورک شیٹ (I-765 اور I-765WS)، اور 2 پاسپورٹ سائز تصویریں جمع کروائیں۔

اعانتی دستاویزات سے چارٹ میں موجود 6 اہلیتی معیارات کی تصدیق ہونی چاہیے۔ آپ کو جن دستاویزات کی ضرورت ہوگی انہیں جمع کرنے کیلئے "تائیدی دستاویزات کی جانچ فہرست" کا استعمال کریں۔

**<u>درخواست کہاں دیں</u>**

درخواست بھیجنے کیلئے پتہ کا انحصار آپ کے رہائشی ریاست پر ہے۔
www.ucsis.gov/childhoodarrivals دیکھیں۔

**<u>درخواست کے اخراجات</u>**

درخواست فارم کیلئے کوئی فیس نہیں ہے، لیکن آپ کو ورک پرمٹ اور فنگر پرنٹ کے تقاضوں کیلئے کل $465 کی فیس جمع کروانی ہوگی جو— "U.S. Department of Homeland Security"— کے نام واجب الادا ہوگی۔

**<u>تائیدی دستاویزات کی جانچ فہرست</u>**

آپ کے آبائی ملک کا پاسپورٹ
سند پیدائش
I-94 فارم یا امیگریشن کا دستاویز جس میں آپ کے یو ایس میں داخلے کی تاریخ درج ہو۔
سفری دستاویزات
مالیاتی ریکارڈز، جیسے بینک اسٹیٹمنٹس، ٹیکس ریٹرنس
افادہ جات کے بلز
اسکول کے ریکارڈز
ڈپلوماز، GED سرٹیفکٹس
رپورٹ کارڈز اور ٹرانسکرپٹس
طبی ریکارڈز
ملٹری ریکارڈز (ذاتی، صحت)
کسی حتمی آرڈرز یا اخراج یا امیگریشن سے متعلق دستاویزات کی کاپیاں
مجرمانہ ریکارڈز یا عدالتی بیان حلفی یا جرم کے سبب گرفتاریاں
معاشرتی اعانت سے متعلق خطوط
ایسے دستاویزات جو آپ کے حق میں عوامل کو نمایاں کرتے ہوں، جیسے معاشرتی رشتے، سرگرمیاں، ایوارڈز

**<u>آپ کی درخواست کے بعد کیا ہوتا ہے</u>**

آپ کے I-821D جمع کروانے کے بعد، آپ کو بایومیٹرکس (فنگر پرنٹس) کیلئے اپائنٹمنٹ کے بعد ایک رسید موصول ہوگی۔ پس منظر کی جانچیں مکمل کی جائیں گی، اور اگر کوئی مسئلہ نہ ہوا تو، USCIS آپ کو بذریعہ میل ایک تحریری فیصلہ بھیجے گی۔ البتہ، کچھ معاملات میں ایک ذاتی انٹرویو کی ضرورت ہوسکتی ہے (1) "وجہ" کیلئے جس کا مطلب ہے کہ USCIS کو فیصلہ کرنے سے قبل معلومات کی تصدیق کی ضرورت ہوسکتی ہے، یا (2) معیار کویقینی بنانے کی کارروائیوں کیلئے جس میں انٹرویو کیلئے بلاترتیب طور پر درخواستوں کے نمونے منتخب کیے جائیں گے۔

**<u>اگر USCIS ڈیفریڈ ایکشن سے انکار کردیتی ہے تو کیا ہوتا ہے</u>**

اس میں اپیل کی کوئی کارروائی نہیں ہے۔ البتہ، آپ 1-800-375-5283 پر کال کرکے سروس کی درخواست کرسکتے ہیں اور "نظرثانی" کیلئے کہہ سکتے ہیں۔

**<u>مفت قانونی مشورہ اور تعاون</u>**

AALDEF نوعمروں کو قانونی مشورہ اور نمائندگی فراہم کرنے کیلئے مفت لیگل کلینکس کا اہتمام کررہا ہے۔AALDEF بغیر دستاویز والے ایشیائي امریکی نوجوانوں کو ایک محفوظ جگہ فراہم کرنے اور ہماری معاشرتوں کو قانونی حیثیت اختیار کرنے کے راستے اپنانے کیلئے منظم کرنے میں مدد کیلئے ایک یوتھ گروپ کی بھی میزبانی کررہا ہے۔ مزید معلومات کے لئے : http://aaldef.org/obamas-dream-act-directive-on-deferred-action----faqs.html۔ اگر آپ لیگل کلینک میں ملاقات کا وقت لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں یا یوتھ گروپ کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو، AALDEF سے اس پر رابطہ کریں: info@aaldef.org یا 212-966-5932۔